اُردو

# کُمار بھارتی

دسویں جماعت



# بھارت کا آئین

## حصہ 4 الف

## بنیادی فرائض

**حصہ 51 الف**

**بنیادی فرائض – بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ...**

(الف) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔

(ج) بھارت کے اقتدارِ اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کرکے ان کا تحفّظ کرے۔

(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے قومی خدمت انجام دے۔

(ہ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔

(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے۔

(ز) قدرتی ماحول کو جس میں جنگلات، جھیلیں، دریا اور جنگلی جانور شامل ہیں محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔

(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی و اصلاحی شعور کو فروغ دے۔

(ط) قومی جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔

(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تاکہ قوم متواتر ترقی و کامیابی کی منازل طے کرنے میں سرگرمِ عمل رہے۔

(ک) اگر ماں باپ یا ولی ہے، چھے سال سے چودہ سال تک کی عمر کے اپنے بچے یا وارڈ، جیسی بھی صورت ہو، کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرے۔

سرکاری فیصلہ نمبر : ابھیاس-۲۱۱۶/ (پر۔نمبر۱۶/۴۳) ایس ڈی-۴ مؤرّخہ ۲۵/اپریل ۲۰۱۶ء کے مطابق قائم کردہ رابطہ کارکمیٹی کی ۲۹/دسمبر ۲۰۱۷ء کو منعقدہ نشست میں اس کتاب کو درسی کتاب کے طور پر منظوری دی گئی۔

زباندانی کے نئے نصاب کے مطابق

## اُردو

# کُمار بھارتی

## دسویں جماعت

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ

E95N4K

اپنے اسمارٹ فون میں انسٹال کردہ Diksha App کے توسط سے درسی کتاب کے پہلے صفحے پر درج Q.R. code اسکین کرنے سے ڈیجیٹل درسی کتاب اور سبق میں درج Q.R. code کے ذریعے متعلقہ سبق کی درس وتدریس کے مفید سمعی وبصری وسائل دستیاب ہوں گے۔

پہلا ایڈیشن : 2018
تیسرا اصلاح شدہ ایڈیشن : 2021

© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴
نئے نصاب کے مطابق مجلسِ مطالعات و ادارت اور مجلسِ مشاورت نے اس کتاب کو ترتیب دیا ہے۔ اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔ کتاب کا کوئی بھی حصہ مذکورہ منڈل کے ڈائرکٹر کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہ کیا جائے۔

**مجلسِ مطالعات و ادارت :**

- ڈاکٹر سیّد یحییٰ نشیط (صدر)
- سلیم شہزاد (رکن)
- سلام بن رزّاق (رکن)
- احمد اقبال (رکن)
- ڈاکٹر قمر شریف (رکن)
- ڈاکٹر محمد اسد اللہ (رکن)
- بیگم ریحانہ احمد (رکن)
- خان نوید الحق انعام الحق (رکن سکریٹری)

**مجلسِ مشاورت :**

- ڈاکٹر سیّد صفدر
- خان انعام الرحمٰن شبیر احمد
- خان حسنین عاقب محمد شہباز خان
- ڈاکٹر ناصر الدین انصار
- اعظمی محمد یٰسین محمد عمر
- فاروق سیّد

**Co-ordinator:**
Khan Navedul Haque Inamul Haque
Special Officer for Urdu, Balbharati

**D.T.P. & Layout:**
Sayyed Asif Nisar,
Yusra Graphics,
Shop No. 5, Anamay Building,
305, Somwar Peth, Pune - 411 011.

**Production:**
Shri Sachchitanand Aphale,
Chief Production Officer
Shri Rajendra Chindarkar, Prod. Officer
Shri Rajendra Pandloskar, Asstt. Prod. Officer

**Paper:** 70 GSM Creamwove

**Print Order:** N/PB/2021-22/0.15

**Printer:** M/s. Sohail Enterprises, Thane

**Publisher**
Shri Vivek Uttam Gosavi
**Controller,**
M.S. Bureau of Textbook Production,
Prabhadevi, Mumbai - 400 025.

# بھارت کا آئین

## تمہید

**ہم بھارت کے عوام** متانت و سنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو
ایک **مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ** بنائیں
اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں:

**انصاف**، سماجی، معاشی اور سیاسی؛

**آزادی** خیال، اظہار، عقیدہ، دین اور عبادت؛

**مساوات** بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع،

اور ان سب میں

**اُخوّت** کو ترقی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتحاد اور
سالمیت کا تیقّن ہو؛

**اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج چھبیس نومبر ۱۹۴۹ء کو یہ آئین**
**ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں،**
**وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔**

# راشٹر گیت

جَنَ گَنَ مَنَ – اَدِھ نایک جَیَہ ہے
بھارَت – بھاگیہ وِدَھاتا۔

پَنجاب، سِندُھ، گُجراتَ، مَراٹھا
دراوِڑ، اُتکَل، بَنگ،

وِندھیہ، ہِماچَل، یَمُنا، گنگا،
اُچّھل جَل دِھ تَرَنگ،

تَوَشُبھ نامے جاگے، تَوَشُبھ آشِس ماگے،
گاہے تَوَجَیَہ گاتھا،

جَنَ گَنَ منگل دَایک جَیَہ ہے،
بھارَت – بھاگیہ وِدھاتا۔

جَیَہ ہے، جَیَہ ہے، جَیَہ ہے،
جَیَہ جَیَہ جَیَہ، جَیَہ ہے۔

# عہد

بھارت میرا ملک ہے۔ سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گونا گوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔ مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

میں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ اُن کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

# پیش لفظ

عزیز طلبہ!

دسویں جماعت میں آپ کا استقبال ہے۔ اس جماعت میں آپ کی آموزش کے لیے نئے طرز کی مشقی سرگرمیوں کے ساتھ ملٹی کلر 'اُردو کمار بھارتی' آپ کو پیش کرتے ہوئے ہمیں بڑی مسرّت ہورہی ہے۔

سننے اور مشاہدہ کرنے سے زیادہ عملی طور پر حل کی گئی سرگرمیاں آپ کے ذہن پر دیرپا اثر مرتسم کریں گی۔ اس کتاب میں نئی سرگرمیوں کو شامل کیا گیا ہے اور ان کی تعداد بھی زیادہ سے زیادہ رکھی گئی ہے۔ کتاب کی آموزش کے لیے اساتذہ کے ساتھ ساتھ آپ اپنے سرپرستوں سے بھی مدد حاصل کیجیے۔ مذکورہ کتاب میں شامل اسباق، نظمیں، مشقی سرگرمیاں، اضافی مطالعہ وغیرہ اپنے طور پر پڑھ کر بھی آپ لطف اندوز ہوسکتے ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ آپ اپنی کوششوں سے ان تمام امور کی خواندگی کریں گے اور ان سے لطف اندوز ہوں گے۔

اُردو صرف ایک مضمون کا نام نہیں ہے۔ اس کے ساتھ ایک تہذیب جڑی ہوئی ہے۔ آپ اپنی روزمرہ زندگی میں ہمیشہ مادری زبان اُردو کا استعمال کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ اسکول میں آپ دیگر مضامین اُردو زبان ہی میں پڑھتے ہیں۔ زبان استعمال کرنے کے تعلق سے معیاری اُردو زبان کے استعمال پر زیادہ زور دیا جانا چاہیے۔ آپ کو اُردو مضمون پر جتنا عبور حاصل ہوگا، دوسرے مضامین کو سمجھنا اتنا ہی آسان ہوگا۔

ہمارا مقصد آپ میں خوداعتمادی پیدا کرنا ہے۔ اس کتاب میں شامل سرگرمیاں اس انداز سے ترتیب دی گئی ہیں جس سے آپ زبان کو بہتر طور پر استعمال کرسکیں۔ اس کے ذریعے آپ میں نئے علوم وفنون حاصل کرنے کی لگن پیدا ہو اور آپ کی تفہیم، تخلیق، تخیل اور غور وفکر کی صلاحیت میں اضافہ ہو۔ اس مقصد کے حصول کے لیے درسی کتاب میں موجود مشقی سرگرمیوں میں آپ زیادہ سے زیادہ حصہ لیں۔ اس کتاب کی آموزش کے دوران آپ کو جو بھی مشکل یا پریشانی محسوس ہو بلا خوف اپنے استاد کے سامنے اس کا اظہار کریں۔ اس کتاب میں ایسی کئی سرگرمیاں شامل ہیں جن سے آپ بذاتِ خود علم حاصل کرنے کے قابل بن سکیں گے۔ ان سرگرمیوں میں آپ جتنا حصہ لیں گے اتنا ہی زیادہ آپ کے علم میں اضافہ ہوگا۔

کتاب کے مواد کے بارے میں آپ کے تاثرات جان کر ہمیں بہت خوشی ہوگی۔ سال بھر آپ کی آموزش مسرت بخش رہے، یہی ہماری اُمید ہے۔

آپ کی عمدہ تعلیم اور بہتر مستقبل کے لیے نیک خواہشات!

(ڈاکٹر سنیل مگر)
ڈائرکٹر
مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و
ابھیاس کرم سنشو دھن منڈل، پونہ-۴

پونہ۔
تاریخ: ۱۸/ مارچ ۲۰۱۸ء، گُڈی پاڑوا
بھارتیہ سَور: ۲۷/ پھالگُن ۱۹۳۹

# ہدایات برائے اساتذہ

دسویں جماعت کی درسی کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ یہ پچھلی درسی کتابوں سے قدرے مختلف ہے۔ بچوں کے لیے مفت اور لازمی حق تعلیم کے قانون ۲۰۰۹ء کے مطابق از سرِ نو مرتب شدہ تعلیمی نصاب ۲۰۱۲ء کی روشنی میں تشکیلِ علم کے نظریے کے مطابق نیز خصوصی توجہ کے مستحق طلبہ کی ضروریات کے پیش نظر تعلیمی سرگرمیوں کو اس کتاب میں شامل کیا گیا ہے۔ سرگرمی نامے (امتحانی پرچے) کے مطابق اس کتاب کی مشقیں تیار کی گئی ہیں۔ لہٰذا تدریس کے دوران درج ذیل اُمور کا لحاظ رکھا جائے تو سیکھنے اور سکھانے کا عمل منفعت بخش ہوگا۔

۱۔ **درسی کتاب کی مشمولات :** مروّجہ طریقے کے مطابق اس کتاب میں نثر و نظم کا متن دو علیٰحدہ حصوں میں شامل کیا گیا ہے۔ نثر کے حصے میں داستان، افسانہ، انشائیہ، سفرنامہ، ڈراما، زبان اور ادب و ثقافت پر مبنی لسانی متن کی اصناف کا احاطہ کیا گیا ہے۔ ہر سبق کے شروع میں 'پہلی بات' کے تحت ان اصناف کا تعارف بھی شامل ہے تا کہ طلبہ سبق کی متعلقہ صنف سے بخوبی واقف ہو جائیں۔

اُردو نثر کے ابتدائی نمونے داستانی ادب میں ملتے ہیں۔ اس لیے ملا وجہی کی 'سب رس' سے ایک عبارت 'بادشاہ عقل و دل' لی گئی ہے۔ 'سب رس' اُردو نثر کے اوّلین نمونوں میں سے ہے۔ یہ کتاب سترھویں صدی عیسوی کی چوتھی دہائی میں لکھی گئی تھی اس لیے اس زمانے کے املا، نثری اسلوب اور آج کے نثری اسلوب میں فرق ہے۔ 'بادشاہ عقل و دل' کے متن میں قصداً قدیم املا اور طرز کو جوں کا توں رکھا گیا ہے تا کہ طلبہ اُردو نثر کے قدیم و جدید فرق سے واقف ہو سکیں۔ حصۂ نظم میں سراؔج اورنگ آبادی کی غزل بھی قدیم اُردو کا نمونہ ہے۔ اساتذہ اُردو کے ان قدیم نمونوں کو پڑھاتے وقت اُردو کے تاریخی مدارج کو بھی پیش کریں تا کہ طلبہ ازخود سیکھنے کی طرف مائل ہوں اور ہمہ وقت سیکھتے رہنے کا تصوّر ان میں پروان چڑھے۔

۲۔ **تناؤ کے بغیر اکتساب :** کتاب کی نثری اور منظوم مشمولات کو دلچسپ اور زبان کے روزمرہ کے پیشِ نظر آسان بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس سے طلبہ ذہنی تناؤ کے بغیر ان کا اکتساب کر سکیں گے۔ اساتذہ کو دورانِ تدریس جماعت میں ایسا اکتسابی ماحول تیار کرنا ہوگا کہ طلبہ سبق میں دلچسپی لے کر ازخود آموزش کی طرف مائل ہوں اور اپنے طور پر تشکیلِ علم کا تجربہ حاصل کریں۔

۳۔ **عالم کاری :** آج سائنس کی ترقی اور الیکٹرانک وسائل کی وجہ سے ہماری وسیع دنیا ایک چھوٹے سے گاؤں میں تبدیل ہوگئی ہے۔ دور دراز کے خِطّوں کی معلومات چند لمحات میں ہم تک پہنچ جاتی ہے۔ ایسی صورت میں دنیا کے حالات سے باخبر رہنا ضروری ہے۔ ہماری درسیات اور نصاب میں اس امر پر کافی توجہ دی گئی ہے۔ دسویں کی درسی کتاب میں عالمی ماحولیاتی عدم توازن پر بھی سبق شامل کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ اضافی معلومات کے خاکے اور متعلقہ سبق سے مربوط مزید اضافی معلومات طلبہ کو فراہم کی جا سکتی ہے۔ تدریس کا حصہ بنانے کے لیے ان خاکوں پر بھی سرگرمیاں تیار کی جا سکتی ہیں۔

۴۔ **سرگرمی اساس اسباق :** اس درسی کتاب میں اسباق اور منظومات کا انتخاب کچھ اس طرح عمل میں لایا گیا ہے کہ طلبہ دورانِ تدریس ازخود تشکیلِ علم کر سکیں۔ ان اسباق میں سکھانے سے زیادہ سیکھنے پر زور دیا گیا ہے۔ آپ بحیثیت تسہیل کار صرف تسہیل کاری ہی کرتے رہیں تو طلبہ زبان و ادب کی معتد بہ معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ کتاب کے بعض اسباق انٹرنیٹ اور دیگر الیکٹرانک میڈیا سے بھی جوڑے جا سکتے ہیں جیسے ملا وجہؔی، غالبؔ، دردؔ وغیرہ سے متعلق معلومات آپ نے انٹرنیٹ پر دیکھی ہے۔ آپ ویسی ہی معلومات حاصل کرنے کے لیے طلبہ کو آمادہ کریں تا کہ آپ کی تدریس اور طلبہ کی آموزش پُرلطف ہو سکے۔

۵۔ **زبان کی صلاحیتوں کے فروغ پر زور:** کتاب کے اسباق کے انتخاب میں اس امر کی طرف توجہ دی گئی ہے کہ طلبہ میں زبان کی چاروں صلاحیتوں

کو فروغ حاصل ہو۔ بالخصوص لکھنے، پڑھنے اور بولنے کی صلاحیت کو اُبھارنے کے لیے اسباق میں خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ توقع ہے کہ آپ طلبہ کو ان چاروں صلاحیتوں کا استعمال کرتے ہوئے معیاری زبان بولنے کی مشق کرائیں گے تا کہ طلبہ معاشرے میں اُردو تہذیب کی نمائندگی کر سکیں۔

۶۔ **معانی و اشارات :** اسباق میں آنے والے مشکل لفظوں، حوالوں اور لفظی ترکیبوں کے معانی اور وضاحتوں پر خاص زور دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں الفاظ کے لغوی مفاہیم متن کے پس منظر میں واضح کیے گئے ہیں۔ کہیں لفظوں کا پرانا املا یا تلفظ ہو تو اسے بھی اس حصے میں وضاحت کے ساتھ شامل کیا گیا ہے۔ لغوی اور مرادی معانی کی تفہیم متن کو سمجھنے میں آسانی پیدا کرتی ہے۔ مشقوں میں بھی کچھ سرگرمیاں ایسی ہیں جن میں مشکل لفظوں کے معنی یا ان کے مترادفات پوچھے گئے ہیں۔ آپ کے لیے ضروری ہے کہ معانی و اشارات کے حصے پر توجہ دے کر طلبہ کے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کریں۔ آج کل موبائل پر اُردو کی مختلف لغات آسانی سے دستیاب ہیں اور ان کا استعمال بھی نہایت آسان ہے۔ آپ طلبہ کو اس جانب بھی راغب کر سکتے ہیں۔

۷۔ **مشقی سرگرمیاں :** پچھلے دو سال سے دسویں جماعت کے امتحانات کے لیے 'سرگرمی شیٹ' استعمال کی جا رہی ہے جو درسی کتاب میں شامل نہیں۔ زیرِ نظر درسی کتاب کی مشقی سرگرمیاں سرگرمی نامے (شیٹ) کے مطابق بنائی گئی ہیں۔ ان میں 'سوال بلا سوالیہ نشان' (question without question mark) کے نظریے کو اپنایا گیا ہے۔ مشقی سرگرمیوں میں تنوع پیدا کرنے اور انھیں جاذبِ توجہ بنانے کے لیے شکلی (ویب) خاکے، رواں خاکے، شجری خاکے، جدولی تقسیم، معمے اور معروضی جوابات کی تکنیک پر زور دیا گیا ہے۔ مشقی سرگرمیوں میں نئی نئی تکنیکیں متعارف کرائی گئی ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ آپ کی مدد سے یہ مشقی سرگرمیاں طلبہ کی تشکیلِ علم کی صلاحیت میں قابلِ لحاظ اضافہ کرنے میں معاون ثابت ہوں گی اور ان کی وجہ سے قدر پیمائی اور آموزش کے ماحصل میں مزید سہولت ہوگی۔ یہ تمام خاکے 'سرگرمی نامے' کو مدِ نظر رکھ کر تیار کیے گئے ہیں۔ کچھ زائد مشقی سرگرمیاں تفہیمِ سبق کے لیے بطورِ خاص شامل کی گئی ہیں اور بعض کو مسابقتی امتحانات کے طرز پر تیار کیا گیا ہے۔ استحسانی سرگرمیوں کا مقصد نظم و نثر کی تفہیم کے علاوہ پسندیدگی اور لطف اندوزی بھی ہے۔

۸۔ **عملی قواعد :** اسباق پر مشتمل اور نصاب میں شامل قواعد کو 'عملی قواعد' یعنی زبان کے روزمرہ استعمال کے پیشِ نظر آسان تر مثالوں اور وضاحتوں کے ساتھ شامل کیا گیا ہے۔ قواعدی تفہیم کے لیے اسباق سے مثالیں دی ہوئی ہیں۔ ان کے مفصل تجزیے کے بعد قواعدی اصطلاح کی تعریف متعین کی گئی ہے۔ دوسری مماثل مثالیں ڈھونڈنے یا تیار کرنے کی ہدایات بھی یہاں شامل ہیں۔ آپ ان ہدایات کی روشنی میں قواعد پڑھائیں اور طلبہ کو ایسے مواقع فراہم کریں کہ وہ زبان کے عمومی استعمال میں عملی قواعد کی مثالوں کو پہچان لیں۔ اس تعلق سے پچھلی درسی کتابوں کے متن کی طرف بھی اساتذہ اور طلبہ کو متوجہ کیا گیا ہے۔

۹۔ **مثالیں :** مشمولات کی آسان آموزش اور تفہیم میں طلبہ کی آسانی کے لیے کتاب کی مشقی سرگرمیوں میں زیادہ سے زیادہ مثالیں دی ہوئی ہیں۔ یہ مثالیں سرگرمی کو آسان بنانے اور سبق کے متن کی مکمل توضیح کے لیے نہایت مفید ہیں۔ اساتذہ ان مثالوں کے علاوہ دیگر مثالیں بھی اپنی تدریس کے دوران استعمال کر سکتے ہیں۔ اساتذہ اس بات کا خصوصی خیال رکھیں کہ ان تمام سرگرمیوں کی شمولیت سرگرمی نامے میں ضروری نہیں ہے۔

۱۰۔ **وضاحتیں :** کتاب میں متن کی تفہیم کے لیے جگہ جگہ وضاحتیں کی گئی ہیں۔ اضافی معلومات کے خاکوں کے ذریعے متن کے بعض اہم نکات کی وضاحت اور معانی و اشارات کے ذیل میں بعض الفاظ کی وضاحت کی گئی ہے۔ اسی جگہ زبان کو دیگر مضامین سے مربوط کرنے کے لیے تدریسی متن کے ساتھ علمی معلومات بھی دی گئی ہے۔ تدریس کے وقت آپ اس کا استعمال کر سکتے ہیں۔ نثر و نظم کے متن میں بعض اہم حوالوں کی وضاحت اور ان کی تفہیم کے لیے سرگرمیاں زیرِ نظر کتاب کی ایک اور خصوصیت ہے۔ متن میں آنے والے غیر معروف یا کم معروف تصور، شخص، واقعے وغیرہ کے کسی قدر مفصل تعارف پر مبنی اقتباسات کتاب میں جگہ جگہ شامل ہیں۔ ان کا مطالعہ طلبہ کو زائد معلومات فراہم کرنے میں معاون ہوگا۔

۱۱۔ **صلاحیتوں کی نشو ونما :** درس و تدریس کو طالب علم مرکوز کرنے ،خود آموزی پر زور دینے اور اسے طلبہ کے لیے مسرت بخش بنانے کے مقاصد کے تحت یہ کتاب ترتیب دی گئی ہے۔ درس و تدریس کے وقت یہ واضح ہونا چاہیے کہ ابتدائی تعلیم کے مختلف مرحلوں میں طلبہ میں کون سی مخصوص صلاحیت پروان چڑھے گی۔ اس مقصد کے حصول کے لیے اس درسی کتاب میں زباندانی سے متعلق متوقع صلاحیتوں کا تعین کیا گیا ہے۔

درسی کتاب میں دسویں جماعت کے طلبہ کی عمر کے گروہ سے تعلق رکھنے والے اور بچوں کی جذباتی دنیا سے ہم آہنگ نثر اور نظم کے اسباق کو شامل کیا گیا ہے۔ یہاں زباندانی کی صلاحیتوں کے ارتقا کے لیے جدید طرز کی مشقیں اور سرگرمیاں دی گئی ہیں۔ مشقوں کے ذریعے طلبہ کی قوتِ مشاہدہ، قوتِ تخیل اور قوتِ عمل پر زور دیا گیا ہے۔ عنوان 'عملی قواعد' کے تحت قواعد کے اجزا کو آسان زبان میں پیش کیا گیا ہے۔ زبان کی افہام و تفہیم ، نئے الفاظ برتنا، روزمرہ اور محاوروں کا استعمال کرنا اور زبان و قواعد کے بارے میں آگہی پیدا کرنا، اِن مقاصد میں شامل ہے۔ اس کے تحت درسی کتاب میں مسرت بخش اور آسان زبان میں لکھا ہوا مواد شامل کیا گیا ہے۔ معاشرے کے تئیں ذمہ داری، اخلاقی اقدار، قومی یکجہتی اور حب الوطن جیسے جذبات کو پروان چڑھانے کے لیے بھی اس کتاب میں مواد شامل ہے۔ مختلف موضوعات پر بات چیت اور ان کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کرنے سے طلبہ میں علمی شعور بیدار ہوگا۔ طلبہ از خود مضمون نویسی کریں، اپنے خیالات کا اظہار کریں، اس مقصد کے تحت متنوّع مشقیں اور سرگرمیاں درسی کتاب میں شامل کی گئی ہیں۔

زیرِ نظر درسی کتاب کی تدریس کے دوران اساتذہ اس امر کو ملحوظ رکھیں کہ جماعت میں جو کچھ سکھایا جائے، وہ اسکول سے باہر کی دنیا اور روزمرّہ زندگی کے معاملات سے لازمی طور پر مربوط ہو۔

کتاب کو حتی الامکان معیاری اور بے عیب بنانے کے لیے اس کا مسودہ ریاست مہاراشٹر کے مختلف علاقوں سے مدعو کیے گئے اساتذۂ کرام، ماہرینِ تعلیم اور ماہرینِ زبان کی خدمت میں تبصرہ کے لیے پیش کیا گیا تھا۔ ان کے پیش کردہ مشوروں اور تجاویز کی روشنی میں مسودے میں ضروری ترمیم کرکے اسے قطعی شکل دی گئی ہے۔

نثر و نظم کے انتخاب کے وقت کوشش کی گئی ہے کہ اُردو زبان کا لسانی، تہذیبی اور ملکی تصور واضح ہو جائے۔ کلاسک نثر و نظم کے نمونوں کے ساتھ جدید اور عصری ادبی تصورات پر مشتمل چیزیں طلبہ کے مطالعے کے لیے پیش کی جائیں۔ اُمید ہے کہ زبان، ملک اور معاشرے کو ماضی و حال کے آئینوں میں دیکھنے اور سمجھنے کے لیے اس کتاب کی مشمولات طلبہ کے لیے ممد و معاون ہوں گی۔ کتاب میں شامل اضافی مطالعہ ڈرامے پر مشتمل ہے جو ایک نمائندہ ادیب کی تخلیق ہے۔ اس ڈرامے پر بھی عام نثری اسباق کی طرح تعارف اور مشق کو روا رکھا گیا ہے۔

حالیہ زمانے کی درسی کتابیں جدید مواصلاتی تکنیکوں کے استعمال سے خالی نہیں رہ سکتیں۔ QR کوڈ کے علاوہ کتاب میں شامل متعدد اسباق کے لیے ویب سائٹس کے پتے بھی درج کیے جا رہے ہیں۔ طلبہ اور اساتذہ اِن سے مطلوبہ معلومات حاصل کرکے اپنے علم میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ اب تمام اُردو درسی کتابیں بال بھارتی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں۔

# متوقع صلاحیتیں

## سننا

۱۔ ریڈیو اور مختلف نشریاتی وسائل پر ہونے والے مباحثوں، مذاکروں میں پیش کیے جانے والے حقائق کی جانچ کرنا۔
۲۔ عوامی اعلانات کو غور سے سن کر ان کا مطلب سمجھنا اور ان میں دی گئی ہدایات کے مطابق عمل کرنا۔
۳۔ رسمی اور غیر رسمی گفتگو سن کر اپنے خیالات کا اظہار کرنا۔
۴۔ مختلف اصنافِ ادب کو سن کر سمجھنا اور ان سے لطف اندوز ہونا۔
۵۔ مختلف اصنافِ ادب کی سی ڈی سن کر اقسام کے مطابق ان کی درجہ بندی کرنا۔
۶۔ عوامی بول چال کی زبان، اس کے لب و لہجے اور لفظیات کی خصوصیات کا شعور ہونا۔

## لکھنا

۱۔ املا نویسی کے وقت خوشخطی کے اُصولوں کی پوری پابندی کرنا۔
۲۔ سنے یا پڑھے گئے مواد کے مفہوم کے مطابق تیار کیے گئے نوٹس کے نکات کی توسیع کرنا۔
۳۔ دیے گئے موضوع کو اپنے طور پر دوبارہ لکھنا۔
۴۔ اپنی تحریر میں محاوروں، کہاوتوں، تراکیب اور اقوالِ زرین کا بخوبی استعمال کرنا۔
۵۔ دیے گئے موضوع پر آزادانہ طور پر مؤثر مواد تیار کرنا۔
۶۔ کسی واقعہ یا حادثہ پر تجزیاتی مضمون لکھنا۔
۷۔ پیش آئے واقعات، تقریبات اور حادثات کی روداد لکھنا۔
۸۔ تعزیتی اور تہنیتی پیغام لکھنا۔

## بولنا

۱۔ نظموں، گیتوں اور اجتماعی گیتوں کو علاماتِ اوقاف کا خیال رکھتے ہوئے پیش کرنا۔
۲۔ کہانی، نظم، ڈرامے وغیرہ کو ان کے لسانی تقاضوں کے مطابق پیش کرنا۔
۳۔ موقع و محل اور موضوع کی مناسبت سے اپنی رائے کے ذریعے اپنے مقابل کو قائل کرنا۔
۴۔ مختلف سرگرمیوں کی منصوبہ بندی میں حصہ لینا۔
۵۔ مؤثر بات چیت کے لیے آدابِ گفتگو کا خیال رکھنا۔
۶۔ زبان کے مختلف مخاطبوں (استعمال کے طریقوں) کے ذریعے اپنے خیالات کا اظہار کرنے کی کوشش کرنا۔

## مطالعے کی صلاحیت

۱۔ حوالوں کے لیے لغت کا استعمال کرنا۔
۲۔ دیے گئے عنوان پر اپنے خیالات تفصیل کے ساتھ بیان کرنا۔
۳۔ ہماری زبان اور دیگر عوامی بولیوں میں استعمال ہونے والے محاوروں اور کہاوتوں کی فہرست تیار کرنا اور موضوع و مفہوم کے اعتبار سے ان کی درجہ بندی کرنا۔
۴۔ جدید تکنیک کا استعمال کرکے اُردو اور دیگر زبانوں کے متعلق معلومات حاصل کرنا۔
۵۔ مختلف اصنافِ ادب کی خصوصیات کی بنا پر درجہ بندی کرنا۔
۶۔ زبان کے فروغ کے لیے Apps استعمال کرنا۔
۷۔ مختلف سماجی مسائل پر ہونے والی گفتگو میں شامل ہو کر موضوع کے مطابق خیالات کا اظہار کرنا۔

## پڑھنا

۱۔ درسی اور غیر درسی مواد کو سمجھ کر معنی و مفہوم کا خیال رکھتے ہوئے بلند خوانی کرنا۔
۲۔ مناسب اُتار چڑھاؤ کے ساتھ علاماتِ اوقاف کا خیال رکھتے ہوئے بامعنی بلند خوانی کرنا۔
۳۔ دی ہوئی عبارت کے مرکزی خیال، خلاصے اور مفہوم کو سمجھ کر پڑھنا۔
۴۔ مختلف اصنافِ ادب کا بغور مطالعہ کرکے ان سے لطف اندوز ہونا۔
۵۔ انٹرنیٹ کے ذریعے ویب سائٹس پر دستیاب معلومات کا مطالعہ کرکے اس سے استفادہ کرنا۔
۶۔ عوامی مقامات پر درج ہدایات پڑھ کر ان پر عمل کرنا۔

## قواعد

۱۔ زبان کے صرفی و نحوی اُصولوں سے واقفیت۔
۲۔ زبان کے صحیح استعمال کی اہلیت پیدا کرنا۔
۳۔ شعری محاسن سے آگاہی۔
۴۔ صحت الفاظ کے ساتھ زبان کو برتنے کا شعور۔
۵۔ لفظی صنعتوں کی پہچان۔

# فہرست


| نمبر شمار | اسباق | اصناف | موضوعات | شاعر/مصنف | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | حصّۂ نثر | | |
| ۱۔ | حضرت سلمان فارسیؓ | سوانح | مذہبی شخصیت | ادارہ | ۱ |
| ۲۔ | اپنے ہمسایے سے | مزاحیہ مضمون | اخلاقیات | کنہیالال کپور | ۷ |
| ۳۔ | بھولا | افسانہ | رشتوں کی اہمیت | راجندر سنگھ بیدی | ۱۱ |
| ۴۔ | سیاہ روشنی | سفرنامہ | سیر و سیاحت | پروین شیر | ۱۷ |
| ۵۔ | مولانا حسرتؔ موہانی | مضمون | آزادی کی جدوجہد | نورالحسن نقوی | ۲۲ |
| ۶۔ | اُردو مراٹھی کے ثقافتی رشتے | مضمون | زبان، ادب اور ثقافت | سیّد یحییٰ نشیط | ۲۸ |
| ۷۔ | مظفر حنفی سے ایک ملاقات | انٹرویو | فنکار کا تعارف | ادارہ | ۳۴ |
| ۸۔ | جلتے پروں سے اُڑان | افسانہ | ماحولیات | ساجد رشید | ۴۲ |
| ۹۔ | دسترخوان | انشائیہ | تہذیب و معاشرت | وزیر آغا | ۴۷ |
| ۱۰۔ | بادشاہ عقل و دل | داستان | اخلاقیات | مُلّا وجہیؔ | ۵۲ |
| ۱۱۔ | خطوط | مکتوب نگاری | انشا | مرزا غالبؔ | ۵۶ |
| | | | حصّۂ نظم | | |
| ۱۔ | حمد | نظم | اللہ کی تعریف | رشید افروزؔ | ۵۹ |
| ۲۔ | باغِ نخلہ کے مسافرؐ پر سلام | نعت | رسولؐ کی سیرت | سلیم شہزاد | ۶۲ |
| ۳۔ | زمینِ کرب و بلا | مرثیہ | معرکۂ کربلا کا ایک منظر | وحید اخترؔ | ۶۵ |
| ۴۔ | پریت کا گیت | گیت | اخوت اور بھائی چارگی | حفیظؔ جالندھری | ۶۸ |
| ۵۔ | تضحیکِ روزگار | قصیدہ | ہجو | مرزا محمد رفیع سوؔدا | ۷۱ |
| ۶۔ | صحنِ چمن کی سیر | مثنوی | مناظرِ قدرت | عادلؔ ناگپوری | ۷۵ |
| ۷۔ | چلو کہ آج ... | نظم | عزم و حوصلہ | اخترؔ الایمان | ۷۸ |
| ۸۔ | سیتا | نظم | عورت کی عظمت | شفیق فاطمہ شعریٰؔ | ۸۰ |
| ۹۔ | غزلیات | سراجؔ، دردؔ، مصحفیؔ، فانیؔ، جذبیؔ، بانیؔ، ظفرؔ گورکھپوری، مخمورؔ سعیدی | | | ۸۳تا۹۸ |
| ۱۰۔ | رباعیات | کشن پرساد شادؔ، یاسؔ یگانہ، شادؔ عارفی، جمیلؔ مظہری | | | ۹۹ |
| ۱۱۔ | قطعات | نظیرؔ اکبرآبادی، بہادر شاہ ظفرؔ، علامہ اقبالؔ، گوپال متلؔ | | | ۱۰۲ |
| | | | متن برائے اضافی مطالعہ | | |
| ❁ | قصہ سوتے جاگتے کا | ڈراما | تفریح | نیّر مسعود | ۱۰۵ |
| ❁ | تحریری سرگرمیاں | | | | ۱۱۹ |